
PS+YOU

چانسلر Melissa Aviles-Ramos کی جانب سے

NYC Public Schools





**2025-2026 تعلیمی سال کی تیاری کے لیے**

عزیز اہل خانہ اور رفقائے کار،

سال میں پھر یہ وقت آگیا ہے! ہم نے اپنا زبردست سمر رائزنگ پروگرام مکمل کر لیا ہے، اساتذہ جلد ہی اپنے کلاس رومز ترتیب دے دیں گے، اور 4 ستمبر کو ہمارے اسکول تعلیم حاصل کرنے کے لیے تیار طلباء سے بھر جائیں گے۔

وہ اپنی کی گئی عمدہ پیشرفت کو مزید فروغ دیں گے — 2025 نیویارک ریاست امتحانات میں، مہارت کی شرح میں ریاضی میں 3.5 فیصد اور مطالعہ میں 7.0 فیصد اضافہ ہوا ہے! میں اپنے تمام این وائی سی پبلک اسکولز برادری پر انتہائی فخر کرتی ہوں — معلمین، اہل خانہ، اور طلباء — جو این وائی سی ریڈز، این وا سی سولوز اور ہمارے تمام تعلیمی پیش قدمیوں کو استعمال میں لائے جس کی وجہ سے ایسے نتائج برآمد ہوئے۔

نیا تعلیمی سال شروع ہونے پر، ہم تدریس، فروغ اور دریافت کے ایک اور سال کے لیے تیار ہیں۔ اہل خانہ کے لیے، 4 ستمبر کو اسکول واپس آنے کی تیاری کرتے وقت یہاں چند اہم یاد دہانیاں ہیں:

- ریاست کا نیا سیل فون قانون اس تعلیمی سال سے نافذالعمل ہوگا۔ **مزید جاننے کے لیے** schools.nyc.gov/DevicePolicy **پر جائیں۔**
- یقینی بنائیں کہ آپ کے بچے کا اسکول آپ سے رابطہ کر سکتا ہے — اپنی رابطہ معلومات میں تجدید کرنے کے لیے اپنے NYC اسکولز اکاونٹ (NYCSA) میں لاگ اِن ہوں۔
- اپنے بچے کے نقل و حمل خدمات کے انتخابات اور اہلیت کو سمجھیں۔ تفصیل جاننے کے لیے schools.nyc.gov/Transportation پر جائیں۔

- یقینی بنائیں کہ آپ کے بچے کو شیڈول کے مطابق مدافعتی ٹیکے لگ چکے ہیں۔ اگر آپ کا بچہ اسکول یا چائلڈ کیئر میں پہلی بار جا رہا ہے، انہیں کسی طبی نگہداشت کے معالج سے ایک جسمانی معائنہ کروانے کی بھی ضرورت ہوگی۔
- اہم تاریخوں اور تقریبات پر نشان لگانے کے لیے 2025-2026 کلینڈر کا مکمل جائزہ لیں۔

مزید معلومات اور اسکول واپسی کی جانچ کی فہرست کے لیے یہاں schools.nyc.gov/BackToSchool جائیں۔ اپنے سوالات اور خدشات کے لیے آپ ہمارے اسکول کے والدین رابطہ کار سے رابطہ کر سکتے ہیں؛ آپ ان کی رابطہ معلومات "اسکول تلاش کریں" پر دیکھ سکتے ہیں۔

میں آپ سب کو بہت جلد دیکھنے کی اور تعلیمی سال 2025-26 میں کئی شاندار دنوں میں سے پہلے دن کو منانے کی منتظر ہوں!


شراکت میں،

Melissa Aviles-Ramos
چانسلر

**چانسلر کا مرکز توجہ (اسپاٹ لائٹ):**
اس جولائی اور اگست میں، مشرقی ہارلم میں River East Elementary میں سمر رائزنگ کا مقام تعلیم اور جوش و جذبے سے بھرا ہوا تھا۔ ہمارے شرکت کنندگان کی برادری میں موجود کئی تنظیموں کے ساتھ شراکت کی وجہ سے، طلباء نے تیراکی سے لیکر رقص کی تقویتی سرگرمیوں میں حصہ لیا — Fernando، جو ایک سمر رائزنگ طالب علم ہے، نے انہیں بطور اس موسم گرما کی نمایاں سرگرمیاں بیان کیا۔ انہیں تعلیمیات بھی دلچسپ لگیں، ان کا کہنا ہے کہ "میرے استاد نے تعلیم کو خوشگوار بنا دیا ہے۔"

چانسلر کے اسپاٹ لائٹ کے لیے کسی فرد یا پروگرام کو یہاں نامزد کریں۔

**ہماری مرکزِ توجہ وڈیو:**



ترجمے کے لیے، برائے مہربانی ہمارے YouTube! صفحے پر جائیں۔

ترجمہ شدہ تحریر (سب ٹائٹلز) تک رسائی کے لیے: "CC" کے آئیکان پر کلک کریں۔ "Settings" آئیکان پر کلک کریں اور "Subtitles/CC" منتخب کریں۔ "Auto Translate" منتخب کریں اور اپنی زبان منتخب کریں۔

**NYCPS خبریں اور وسائل:**

- ہمارے 2025 ریاستی امتحان کے دلچسپ نتائج کے بارے میں The Morning Bell میں پڑھیں!
- خبروں اور وسائل کے لیے، NYCPS کو فیس بُک، انسٹاگرام، X، اور یوٹیوب پر آن لائن فالو کریں۔
- یہاں پر میئر Eric Adams کی ہفتہ وار وڈیو ہے۔ اگر آپ میئر کے دفتر سے براہِ راست تازہ ترین معلومات موصول کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں تو براۓ مہربانی یہاں کلک کریں۔

NYCPS خاندان: اگر آپ یہ خبرنامہ مزید وصول نہیں کرنا چاہتے تو خارج ہونے کے لیے، براۓ مہربانی ان سبسکرائب کریں۔